قرآنِ حکیم کے عائلی احکامات (نکاح' مہر' طلاق' عدت' نان و نفقہ' ایلا' ظہار' زنا' قذف' وصیت' وراثت) سے متعلق آیات کے متن' اردو اور انگریزی ترجمے اور مختصر تشریح پر مشتمل یہ کتاب ایم اے اسلامیات اور قانون کے نصاب کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ مصنف نے ترجمہ و تشریح میں دورِ حاضر کی معروف تفاسیر سے مدد لی ہے۔ آخر میں منتخب آیات کی لغات اور مختصر عربی قواعد شامل ہیں۔ (ادارہ)

اوج' قراردادِ پاکستان گولڈن جوبلی نمبر: مدیرِ اعلیٰ: ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی۔ علمی و ادبی مجلہ گورنمنٹ کالج راوی روڈ شاہدرہ لاہور۔ صفحات ۶۳۲۔

تحریکِ پاکستان' قیامِ پاکستان کی جدوجہد' قائداعظم' اکابرِ مسلم لیگ اور قراردادِ پاکستان کے مختلف پہلوؤں پر نظم و نثر کا یہ مفید مجموعہ محنت و کاوش سے مرتب کیا گیا ہے۔ اس میں متعدد نوادر بھی شامل ہیں۔ اپنے موضوع پر یہ ایک لائقِ مطالعہ دستاویز ہے۔ (ادارہ)

موصولہ مطبوعات

تنویر الآفاق فی مسئلۃ الطلاق: از مولانا محمد رئیس ندوی۔ ناشر: ادارہ البحوث الاسلامی جامعہ سلفیہ' بنارس۔ صفحات ۵۱۶۔ قیمت درج نہیں۔

امیر کبیر سیّد علی ہمدانی' حالات و افکار و اوراد: مرتبہ ڈاکٹر حافظ احسان الحق۔ ناشر: ادارہ معارفِ اسلامی' کراچی۔ صفحات ۹۵۔ قیمت درج نہیں۔

قبر پرستی' ایک حقیقت پسندانہ جائزہ: از حافظ صلاح الدین یوسف۔ ناشر: دارالدعوۃ السلفیہ' شیش محل روڈ لاہور۔ صفحات ۲۱۰۔ قیمت درج نہیں۔

محمود غزنوی: از ڈاکٹر عبدالغنی۔ ناشر: مرکزی مکتبۂ اسلامی' دہلی۔ صفحات ۶۳۔ قیمت ۶ روپے۔

شمعِ طریقت: از مولانا محمد جیلانی صدیقی قدیری۔ ناشر: ولی اکیڈمی' کورنگی' کراچی۔ صفحات ۳۰۰۔ قیمت ۵۰ روپے۔